# 2447 ـ کیا ٹیکس زکاۃ میں شمار کیے جائینگے

**سوال**

کیا انسان کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے مال کی زکاۃ میں سے اس پر آنے والے ٹیکس ادا کر دے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

تاجر حضرات جو اپنے مال کا ٹیکس ادا کرتے ہیں ان کے لیے جائز نہیں کہ وہ یہ ٹیکس اپنے مال پر واجب ہونے والی زکاۃ میں شمار کریں، بلکہ فرض کردہ زکاۃ ادا کرنا واجب ہے، اور اسے ان مصارف میں صرف کیا جائے گا جو شریعت نے مقرر کیے ہیں:

فرمان باری تعالی ہے:

زکاۃ تو صرف فقراء، مساکین، اور اس پر کام کرنے والے، اور تالیف قلب میں، اور غلام آزاد کرانے میں، اور قرض داروں کے لیے، اور اللہ کے راستے میں، اور مسافروں کے لیے ہے، یہ اللہ تعالی کی طرف سے فرض کردہ ہے، اور اللہ تعالی علم والا اور حکمت والا ہے التوبۃ ( 60 ).